یو ایس ڈپارٹمنٹ آف جسٹس
سِول رائٹس ڈویژن

# قومی اصل پر مبنی امتیاز کے خلاف فیڈرل تحفظات



## پیش لفظ

فیڈ رل قوانین کسی شخص کے ساتھ قومی اصل ، نسل، رنگ، مذہب، معذوری، جنس، اور عائلی نوعیت پر مبنی امتیاز سے منع کرتے ہیں۔ قومی اصل کے امتیاز سے منع کرنے والے قوانین کسی شخص سے اس کی جائے پیدائش، خاندان، ثقافت یا زبان کے باعث امتیاز برتنے کو خلافِ قانون قرار دیتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ لوگ اس بناء پر مساوی موقع سے محروم نہیں کئے جاسکتے ہیں کہ وہ یا ان کا خاندان کسی اور ملک سے آئے ہیں، یا یہ کہ ان کا نام یا لہجہ کسی قومی اصل کے گروہ سے مطابقت رکھتا ہے، یا وہ انگریزی زبان میں محدود مہارت رکھتے ہیں، یا وہ کسی قومی اصل کے گروہ سے منسوب بعض رسوم میں شریک ہوتے ہیں، یا وہ کسی قومی اصل کے گروہ میں سے کسی کے شریکِ حیات ہیں یا ان لوگوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

محکمہ انصاف (ڈپارٹمنٹ آف جسٹس، Department of Justice) کے شعبہ برائے شہری حقوق (سوِل رائٹس ڈویژن،Civil Rights Division) کو تشویش ہے کہ قومی بنیاد کا امتیاز ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں اس وجہ سے مخفی رہ سکتا ہے کہ امتیاز کا شکار لوگ اپنے قانونی حقوق سے واقف نہ ہوں، یا یہ کہ وہ حکومت کو مطلع کرنے سے ڈرتے ہوں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ، یا آپ کے کسی واقف کے ساتھ قومی بنیاد پر امتیاز برتا گیا ہے، اور آپ اپنے قانونی حقوق استعمال کرنے کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہوں، تو آپ کو یہ رسالہ پڑھنا چاہئے۔

یہ کتابچہ قومی اصل کے امتیاز کو ممنوع قرار دینے والے قوانین سمجھاتا ہے اور کچھ مثالیں فراہم کرتا ہے۔ آپ سوِل رائٹس ڈویژن اور اس کے شعبوں کے بارے میں انٹرنیٹ پر http://www.justice.gov/crt سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ امتیاز کی شکایات درج کرانے کے لیے ڈویژن سے رابطہ کر سکتے ہیں جیسے نیچے درج ہے۔

## اپنے قانونی حقوق سے واقف ہونا

ڈپارٹمنٹ آف جسٹس کا سوِل ڈویژن فیڈرل (وفاقی) قوانین نافذ کرتا ہے جو مندرجہ ذیل امور میں امتیاز سے منع کرتے ہیں:

تعلیم
ملازمت
رہائش کی فراہمی
قرض کی فراہمی
پبلک مقاماتِ سکونت
نفاذِ قانون / پولیس کی بے ضابطگی و بد سلوکی
ووٹنگ
وفاقی امداد سے چلنے والے پروگرام

ڈویژن ان قوانین کا نفاذ بھی کرتا ہے جو معذوری کی بناء پر امتیاز سے منع کرتے ہیں، ان اشخاص کے شہری حقوق کا تحفظ کرتے ہیں جو کسی سٹیٹ (ریاستی) یا مقامی سہولت میں داخل کئے گئے ہوں، اور ان جرائم کے خلاف قانونی کاروائی کرتے ہیں جو جرم کے شکار شخص کی نسل، رنگ یا قومی اصل کی بنیاد پر وارد ہوئے ہوں۔

بعض حالات میں، ڈویژن تب ہی شامل ہو سکتا ہے جب امتیاز کا عمل "رویہ کے تواتر" کی صورت میں ظاہر ہو۔ "رویہ کے تواتر" سے عموماً یہ مراد ہوتا ہے کہ امتیازی سلوک کے ایک سے زیادہ واقعات ہو چکے ہوں، اور امتیاز برتنے والی کوئی پالیسی یا متواتر چلن موجود ہو۔

## شہری حقوق کی مجرمانہ خلاف ورزیاں

* *جنوبی ایشیائی نسل کا ایک نو جوان موسیقی کے پروگرام کے بعد نائٹ کلب سے نکل رہا تھا کہ اس پر حملہ ہوتا ہے، حملہ کرنے والا، سکِن ہیڈ (skinhead) گروپ کا ممبر، کلب کے پارکنگ لاٹ میں نسلی فقرے کستے ہوئے، اس کو مکوں اور پائپ سے مار مار کر بے ہوش کرتا ہے۔*

* *کُو کلکس کلین (Ku Klux Klan) کی میٹنگ میں ایک کلین کا ایک رکن دوسرے ارکان سے کہتا ہے کہ میکسیکن اور پورٹوریکن لوگوں کو "واپس وہیں جانا چاہئے جہاں سے وہ آئے ہیں"۔ وہ ایک نو جوان ہسپانوی جوڑے کے گھر کے سامنے صلیب جلا دیتے ہیں تاکہ وہ خوف زدہ ہو جائیں، اور اس بستی سے بھاگنے پر مجبور ہو جائیں۔ صلیب جلانے سے پہلے مدعا علیہ بندوق دکھاتا ہے اور دوسری بندوق اپنے ایک ساتھی کو دیتا ہے اس امکان کے پیشِ نظر کے کہیں ان کے ظلم کا شکار لوگ انہیں روکنے کی کوشش نہ کریں۔*

* *ایک امریکن کمپنی ایک میکسیکن شہر میں مزدور بھرتی کرتی ہے اور ان سے اچھے کام اور زیادہ تنخواہ کا وعدہ کرتی ہے۔ وہ کمپنی میکسیکن لوگوں کو خالی ٹینکر ٹرک میں یونائٹڈ سٹیٹس میں سمگل کرتی ہے۔ جب باالآخر وہ یو ایس پہنچتے ہیں تو مزدوروں کو دھمکایا جاتا ہے، ان سے کہا جاتا ہے کہ اگر وہ فیکٹری سے چلے جانے کی کوشش کریں گے تو مار ڈالے جائیں گے۔*

یہ مثالیں شہری حقوق کے قوانین کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔ سولِ رائٹس ڈویژن کا کرمینل سیکشن ان لوگوں کے خلاف قانونی کاروائی کرتا ہے جن پر یہ الزام ہو کہ انہوں نے جبر یا تشدد کے ذریعے کسی شخص کے وفاق کی طرف سے محفوظ حقوق میں، اس شخص کی قومی اصل کی بناء پر مداخلت کی ہے۔ ان حقوق میں رہائش کی فراہمی، ملازمت، تعلیم، یا پبلک سہولیات کا استعمال وغیرہ شامل ہیں۔ آپ کرمینل سیکشن سے 3204-514 (202) پر رابطہ کر سکتے ہیں، یا انہیں اس پتہ پر لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Criminal Section, PHB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## حقوق برائے معذوری

* *ایک ایچ ایم او (HMO) جو میڈیکیڈ (Medicaid) کے مریضوں کو داخل کرتا ہے، ایک سرییرل پالسی کی مریض میکسیکن امریکی عورت کو دفتری ملاقات کے لئے کسی اور دن آنے کو کہتا ہے حالانکہ وہ دوسرے لوگوں کو فوری امداد مہیا کرتا ہے۔*

یہ مثال ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہے جو معذوری کی بناء پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں اور ان قوانین کی بھی جو قومی اصل کی بنیاد پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر آپ کی رائے میں آپ کے ساتھ معذوری کی بناء پر امتیاز برتا گیا ہے تو آپ نمبر (voice) 0301-514 (800) یا (TTY) 0383-514 (800) پر، یا ada.complaint@usdoj.gov پر ای میل کر کے، معذوری حقوق سیکشن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل کو بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Disability Rights Section, NYA
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## تعلیم

* *ایک بچے کو انگریزی بولنے میں مشکل پیش آ رہی ہے، لیکن اس کا سکول اس کو انگریزی اور دوسرے مضامین سیکھنے کے لئے مناسب تدریس اور خدمات فراہم نہیں کرتا ہے۔*

* *ہیشن اکثریت والا ایک سکول اعلی تعلیمی میعار کی کلاسیں فراہم نہیں کرتا ہے۔ ڈسٹرکٹ کے دوسرے سکول، جن میں ہیشن طلبہ زیادہ نہیں ہیں، آنرز اور ایڈوانس پلیسمنٹ (advanced placement)، دونوں طرح کی کلاسیں فراہم کرتے ہیں۔*

* *سکول کے افسران، ایشیائی امریکی طلبہ کی طرف سے، دوسرے طلبہ کے خلاف مسلسل زبانی خوف و ہراس پھیلانے اور جسمانی ایذا رسانی سے متعلق شکایات ملنے پر کوئی سد باب کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔*

یہ مثالیں اس فیڈرل قانون کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں جو ایلیمنٹری سکولوں، سیکنڈری سکولوں (مثلاً اور ہائی سکولوں) اور پبلک کالجوں اور یونیورسٹیوں میں قومی اصل کی بناء پر امتیاز کرنے سے منع کرتا ہے۔ ایجوکیشنل آپرچونیٹیز سیکشن ایکوَل ایجوکیشن آپرچونیٹیز ایکٹ آف 1974 (Equal Education Opportunities Act of 1974) کا نفاذ کرتا ہے جس میں سٹیٹ کے تعلیمی اداروں اور سکول ڈسٹرکٹس کے لئے لازمی ہے کہ وہ ایسی لسانی روکیں دور کریں جو انگریزی زبان سیکھنے والے (انگلش لینگوج لرنر، English Language Learner) ای ایل ایل (ELL) کے طلباء کے تعلیمی پروگراموں میں مثاوی طور پر حصہ لینے کی راہ میں حائل ہیں۔ یہ سیکشن ان فیڈرل قوانین کا نفاذ بھی کرتا ہے جو طلباء کو ان کے قومی اصل کی بنیاد پر پریشان و ہراساں کرنے یا اس وجہ سے ان سے اور کسی بھی طرح سے مختلف اور منفی رویہ اختیار کرنے سے تحفظ دیتا ہے۔

مزید معلومات کے لئے، جس میں شکایت درج کرنے کے طریقے کی ہدایات بھی شامل ہیں، اس سیکشن کی ویب سائٹ www.justice.gov/crt/edo/ پر جائیں۔ آپ اس سیکشن سے براہِ راست ٹیلیفون پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں، 4092-514 (202) یا 3804-292 (877) پر، یا ای میل کے اس پتہ پر، education@usdoj.gov۔ آپ اس پتہ پر بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Educational Opportunities Section, PHB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## ملازمت

* *ایک ٹرانزٹ میں ملازم آدمی کا سپر وائزر اس کے خلاف بار بار نسلی فقرے کستا ہے کیونکہ اس کا خاندان ایران سے آیا ہے۔ پچھلے ہفتہ مالک نے بلیٹن بورڈ پر ایک نقلی اطلاع نامہ چسپاں کر دیا کہ کوئی اس شخص پر بھروسہ نہ کرے کیونکہ یہ تخریب کار ہے۔*

* *روس سے یہاں منتقل ہوئی ایک خاتون، اکاؤنٹنٹ کی نوکری کے لئے درخواست دیتی ہے۔ ملازمت دینے والا اس کو اس بناء پر رد کرتا ہے کہ اس کا لہجہ مختلف ہے حالانکہ وہ کام کے تقاضے پورا کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔*

* *خوراک بنانے والی ایک کمپنی غیر ملکی صورت یا لہجہ والے امیدواروں سے ملازمت کی درخواست پُر کرنے سے پہلے حق ملازمت کے کاغذات طلب کرتی ہے جبکہ ملکی سفید فام امیدواروں کو ملازمت کی درخواست مکمل کرنے سے پہلے ایسی کوئی دستاویز نہیں دکھانا ہوتی۔ مزید برآں، مقامی سفید فام ملازموں کے مقابلہ میں دوسری نسلوں کے ملازمین کے کاغذات کی زیادہ چھان بین کی جاتی ہے اور وہ زیادہ تعداد میں رد کئے جاتے ہیں۔*

یہ مثالیں اس قانون کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں جو ملازم یا امیدوار سے اس کی قومی اصل کی بناء پر امتیاز برتنے سے منع کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی ملازمت دینے والا ملازم کو اس کی قومی اصل کی بنیاد پر سزا نہیں دے سکتا، ہراساں یا معزول نہیں کر سکتا، یا ملازمت دینے یا ترقی سے روک نہیں سکتا۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ کسی ایمپلائر، لیبر تنظیم یا ملازمت دلانے والی ایجنسی نے آپ کے ساتھ قومی اصل کی بناء پر امتیاز برتا ہے تو مندرجہ ذیل سے رابطہ کریں:

ایکول ایمپلائمنٹ آپرچونیٹیز کمیشن (Equal Employment Opportunity Commission)
(800) 669-4000
(جن ایمپلائروں کے پاس 15 یا اس سے زیادہ ملازم ہوں)

سپیشل کونسل کا دفتر (Office of Special Counsel)
(800) 255-7688

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Office of Special Counsel for Immigration-Related Unfair Employment Practices, NYA
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

osccrt@usdoj.gov
(جن ایمپلائروں کے پاس 4 سے 14 تک ملازم ہوں)

ایمپلائمنٹ لِٹی گیشن سیکشن (Employment Litigation Section)
(202) 514-3831

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Employment Litigation Section, PHB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530
(سٹیٹ یا لوکل حکومت کی طرف سے ایمپلائر جو غیر قانونی امتیاز بہ تواتر اور بطورِ معمول دکھاتا ہو)

مزید، ایمپلائر فیڈرل قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو سکتا ہے اگر وہ صرف بعض قومی اصل کے لوگوں کے خصوصی ورک آتھرائزیشن کے کاغذات جیسے گرین کارڈ طلب کرے، یا ایسے کاغذات رد کرے۔ مزید معلومات کے لئے یا شکایت درج کرنے کے لئے اس ڈویژن کے سپیشل کونسل کے دفتر سے اوپر دئے گئے پتہ، ٹول فری نمبر یا ای میل پر رابطہ کریں۔

## ہاؤسنگ

* *ایک ہوائیَن اصل خاندان، فلیٹ ڈھونڈ رہا ہے۔ کرائے پر چڑھانے والا ایجنٹ انہیں کہتا ہے کہ اپارٹمنٹ خالی نہیں ہے، جبکہ اپارٹمنٹ خالی ہیں اور سفید فام امید واروں کو دکھائے جا رہے ہیں۔*

* *مکان بکوانے والا ایک ایجنٹ ایک لاطینی امریکی خاندان کو صرف ایسے مکان دکھاتا ہے جو لاٹینو اکثریت کے علاقوں میں واقع ہیں اور اس خاندان کو ایسے مکان دکھانے سے انکار کرتا ہے جو سفید فام اکثریت کے علاقوں میں ہیں۔*

یہ مثالیں فیڈرل فیئر ہاؤسنگ ایکٹ (Federal Fair Housing Act) کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔ یہ قانون، ہاؤسنگ کے معاملہ میں، قومی اصل، نسل، رنگ، جنس، مذہب، معذوری، یا خانگی صورتِ حال (18 سال سے کم عمر کے بچوں کی موجودگی) کی بناء پر امتیاز برتنے سے منع کرتا ہے۔ امتیاز کی انفرادی شکایات -669 (800)

9777 پر ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ (Department of Housing and Urban Development)، (HUD) کو رپورٹ کی جا سکتی ہیں۔ اگر آپ کے خیال میں امتیازی رویہ متواتر اور معمول کا ہے تو اس ڈویژن کے ہاؤسنگ اینڈ سوِل این فورسمنٹ سیکشن سے بذریعہ ٹیلیفون 4713-514 (202) یا 7743-896 (800) پر، یا بذریعہ ای میل، fairhousing@usdoj.gov پر رابطہ کریں۔ آپ مندرجہ ذیل پر بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Housing and Civil Enforcement Section, NWB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## قرضہ کی فراہمی

* *ایک لاطینی امریکی عورت سے سفید فام صارفین کی نسبت زیادہ شرح سود اور زیادہ فیس لی جا رہی ہے جبکہ ان کا مالی پس منظر ایک جیسا ہے اور وہ ایک ہی جیسے قرض کے لئے درخواست دے رہے ہیں۔*

یہ مثال ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہے جو قومی اصل، نسل، رنگ، جنس، مذہب، معذوری، ازدواجی نوعیت، یا کسی شخص کی آمدنی کا کوئی حصہ پبلک امداد سے آنے، یا کسی شخص کے کنسومر کریڈٹ پروٹیکشن ایکٹ (Consumer Credit Protection Act) کی طرف سے محفوظ کردہ حقوق استعمال کرنے کی وجہ سے امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر قرض/لون مکان کے رہن ، گھر کی مرمت و اضافے، یا گھر سے متعلق دوسری وجوہات کی بناء پر ہو تو آپ ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈولپمنٹ (Department of Housing and Urban Development) کو 9777-669 (800) پر شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ اگر لون ہاؤسنگ کے علاوہ کسی اور مقصد سے ہو (جیسے کار لون)، تو آپ قرض کے فراہم کار کی انضباطی ایجنسی، فیڈرل ٹریڈ کمیشن (Federal Trade Commission)، یا اپنی سٹیٹ کے اٹارنی جنرل (Attorney General) کے دفتر میں شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ آپ ہاؤسنگ اینڈ سوِل اینفورسمنٹ سیکشن کو اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے یا شکایت درج کرانے کے لئے 4713-514 (202) یا 7743-896 (800) پر یا بذریعہ ای میل fairhousing@usdoj.gov پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل پتہ پر بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Housing and Civil Enforcement Section, NWB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## پبلک مقاماتِ سکونت

* *ریسٹورانٹ میں ایشین امریکنوں کا ایک گروپ ایک گھنٹے سے زائد وقت کے لئے سروس کا انتظار کرتا ہے، جبکہ سفید فام اور لاٹینو گاہکوں کے گروپ کو فوری سروس ملتی ہے۔*

* *ہوٹل کے ہیشن امریکن گاہکوں کو کہا جاتا ہے کہ انہیں کریڈٹ کارڈ کی بجائے نقد ادائگی کرنا ہوگی، ان سے دوسرے خریداروں کی نسبت زیادہ پیسہ لیا جاتا ہے، اور انہیں مساوی سہولیات، جیسے تولیہ اور صابن وغیرہ نہیں دی جاتیں۔*

یہ مثالیں ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں جو قومی اصل، نسل، رنگ، یا مذہب کی بناء پر پبلک مقاماتِ سکونت پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ پبلک مقاماتِ سکونت میں ہوٹل، ریسٹورانٹ، اور تفریح کے مقامات شامل ہیں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کو کسی پبلک مقام میں داخل ہونے یا اس کے مساوی استفادہ سے روکا گیا ہے اور جہاں امتیازی برتاؤ متواتر یا بطورِ معمول ہوتا ہے، تو آپ ہاؤسنگ اینڈ سوِل اینفورسمنٹ سیکشن سے (202) 4713-514 یا 7743-896 (800) پر، یا fairhousing@usdoj.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔ آپ انہیں مندرجہ ذیل پتہ پربھی لکھ سکتے ہیں۔

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Housing and Civil Enforcement Section, NWB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## پولیس کی بے ضابطگی و بد سلوکی

* *پولیس افسر، ٹریفک کی بعض خلاف ورزیوں کے لئے، بار بار ان کاروں کو روک لیتے ہیں جنہیں لاٹینو چلا رہے ہوں، لیکن سفید فام ڈرائیوروں کو انہی خلاف ورزیوں کے لئے شاذونادر ہی روکتے ہیں۔*

* ایک پولیس افسر سڑک پر ایک ویت نامی اصل کے آدمی سے سوالات پوچھتے ہوئے غصے میں آجاتا ہے کیونکہ وہ آدمی انگریزی نہ جاننے کے سبب جواب نہیں دے پاتا۔ وہ افسر اس آدمی کو بے ضابطہ رویہ کے لئے گرفتار کر لیتا ہے۔

یہ مثالیں امریکی آئین (یونائٹڈ سٹیٹس کانسٹی ٹیوشن، United States Constitution) کے مساوی تحفظ کے دفعات (Equal Protection Clause) کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔ یہ اومنی بس کرائم کنٹرول اینڈ سیف سٹریٹس ایکٹ آف 1968 (Omnibus Crime Control and Safe Streets Act of 1968) کی بھی خلاف ورزی ہو سکتی ہیں۔ وہ قانون یو ایس ڈپارٹمنٹ آف جسٹس سے مالی امداد لینے والے پولیس ڈپارٹمنٹ کے ہاتھوں قومی اصل، نسل، رنگ، مذہب یا جنس کی بنیاد پر امتیاز سے منع کرتا ہے۔ یہ سوِل رائٹس ایکٹ آف 1964کے ٹائٹل VI کی بھی خلاف ورزی ہو سکتی ہیں جو فیڈرل مالی امداد بشمولِ قرق شدہ جائداد حاصل کرنے والی نفاذ قانون کی ایجنسیوں کے ہاتھوں امتیاز سے منع کرتا ہے۔ سٹیٹ اور مقامی نفاذِ قانون ایجنسیوں کی زیادہ تر تعداد اس میں شامل ہے۔

انفرادی امتیازی برتاؤ کی شکایات فیڈرل کوارڈینیشن اینڈ کمپلائنس سیکشن کو مندرجہ ذیل پتہ پر درج کرائی جا سکتی ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Federal Coordination and Compliance Section, NWB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

یا فیڈرل کوارڈینیشن اینڈ کمپلائنس سیکشن سے 848-5306 (888) یا (TDD) 307-2678 (202) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

انفرادی امتیازی برتاؤ کی شکایات آفس آف جسٹس پروگرامز کو Office for Civil Rights, Office of Justice Programs, U.S. Department of Justice, Washington, D.C. 20531 پر درج کرائی جا سکتی ہیں یا آفس آف جسٹس پروگرام سے 307-0690 (202) پر رابطہ کریں۔

سپیشل لٹی گیشن سیکشن ان شکایات کی تفتیش اور مقدمات دائر کرتا ہے جو پولیس ڈپارٹمنٹ کے قومی اصل کی بنیاد پر امتیاز برتنے کے عمل کے تواتر اور معمول ہونے کے متعلق ہوں۔ شکایت درج کرنے کے لئے سپیشل لٹی گیشن سیکشن سے 514-6255 (202) یا 218-5228 (877) پر رابطہ کریں۔ آپ اس پتہ پر بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Special Litigation Section, PHB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## اداری سہولیات میں داخل اشخاص کے شہری حقوق

* *کوئی جیل خانہ انگریزی نہ بولنے والے زیرِ حراست افراد کے لئے انضباطی پیشیوں کا ترجمہ نہ کرے۔*

* *کسی سٹیٹ کے نفسیاتی امراض کے ہسپتال کے پاس انگریزی نہ بولنے والوں کو علاج پہنچانے کے ذرائع نہ ہوں۔*

یہ مثالیں امریکی آئین (یونائٹڈ سٹیٹس کانسٹی ٹیوشن، United States Constitution) کے مساوی تحفظ کے دفعات (Equal Protection Clause) کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔یہ مثالیں یونائٹڈ سٹیٹس کانسٹی ٹیوشن کے مساوی تحفظ کی دفعات کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہیں۔ سپیشل لٹی گیشن سیکشن سٹیٹ یا مقامی سرکاری اداری سہولتوں میں لوگوں کے آئینی حقوق کا تحفظ کرتا ہے جیسے پرزنز ، جیل خانے، مقدمے سے پہلے زیرِ حراست رکھنے کی مراکز، کم عمروں کی اصلاحی سہولیات، پبلک امداد سے چلنے والے نرسنگ ہوم، اور نفسیاتی اور جسمانی نشو نما کی معذوری رکھنے والے مریضوں کے ادارے۔

اگر آپ کسی ایسی سہولیت میں رہتے ہیں اور آپ کا خیال ہے کہ آپ کے ساتھ قومی اصل کی بناء پر متواتر اور معمول کے طور پر امتیاز برتا جاتا ہے، تو سپیشل لٹی گیشن سیکشن سے 6255-514 (202) یا 5228-218 (877) پر رابطہ کریں۔ آپ مندرجہ ذیل کو بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Special Litigation Section, PHB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

## فیڈرل امداد پانے والے پروگرام

* *ایک مقامی سوشل سروسز ایجنسی کورین میں ملازمت کی ٹریننگ یا معلومات فراہم نہیں کرتی ہے، حالانکہ بستی کے ایک چوتھائی لوگ صرف کورین بولتے ہیں۔*

* *لاٹینو اکثریت کے ایک علاقے میں ایک ہسپتال میں موجود کلینک کا عملہ، معمول کے طور پر، لاٹینو مریضوں کے لہجے کا مذاق اڑاتا ہے اور اس پر تبصرے کرتا ہے اور بعض دفعہ انہیں خدمات بھی دیر سے پہنچاتا ہے۔*

یہ مثالیں ان فیڈرل قوانین کی خلاف ورزی کی ہو سکتی ہے جو فیڈرل فنڈز حاصل کرنے والے پروگراموں کو قومی اصل، نسل یا رنگ کی بنیاد پر امتیاز برتنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ کسی سٹیٹ یا لوکل حکومتی ایجنسی، یا فیڈرل حکومت سے فنڈز حاصل کرنے والی کسی ایجنسی نے آپ کے ساتھ امتیاز برتا ہے، تو آپ ڈویژن کے فیڈرل کوارڈی نیشن اینڈ کمپلائنس سیکشن سے 5306-848 (888) یا 2678-307 (202) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ اس پتہ پر بھی لکھ سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Federal Coordination and Compliance Section, NWB
950 Pennsylvia Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

فیڈرل کوارڈی نیشن اینڈ کمپلائنس سیکشن آپ کی شکایت اس فیڈرل فنڈنگ ایجنسی کو بھیج دے گا جو اپنے امداد پانے والوں پر عدم امتیاز کے نفاذ کے لئے بنیادی طور پر ذمہ دار ہو۔

## ووٹنگ

*ایک پولنگ اہل کار، ایک سیاہ فام ووٹر سے، جو غیر ملکی لہجہ میں بولتا ہے اور جس کا آخری نام کسی اور قومیت کا ہے، امریکن شہریت کا ثبوت پیش کرنے کو کہتا ہے، لیکن دوسرے ووٹروں سے شہریت کا ثبوت نہیں مانگتا۔*

*ایک بڑی ہسپانوی بولنے والی بستی میں ووٹروں کے تقاضہ کے باوجود الیکشن اہل کار سپینش زبان بولنے والے تربیت یافتہ پول کے کارکنان اور سپینش میں الیکشن کا مناسب مواد بشمول رجسٹریشن فارم اور بیلیٹ مہیا کرنے سے، یا محدود انگریزی جاننے والوں کو ووٹنگ بوتھوں میں مترجم ساتھ لانے کی اجازت دینے سے انکار کرتے ہیں۔*

ووٹنگ سیکشن ان مثالوں میں پیش کردہ مسائل کے انسداد کے لئے قدم اٹھا سکتا ہے۔ فیڈرل قانون ووٹنگ میں مختلف قسم کے امتیازی برتاؤ سے منع کرتا ہے، جس میں لوگوں کو ان کی نسل، رنگ یا کسی اقلیتی زبان بولنے کی وجہ سے انہیں خصوصی طور سے چن کر الگ برتاؤ کرنا، ڈراوے دینا اور ہراساں کرنا شامل ہے۔ علاوہ ازیں، فیڈرل قانون بعض حلقہ ہائے اختیار میں تقاضا کرتے ہیں کے الیکشن مواد اور امداد اقلیتی زبانوں میں مہیا کئے جائیں تاکہ محدود انگریزی جاننے والے ووٹر با علم اور مؤثر ووٹ ڈال سکیں۔ اس کے علاوہ یہ قوانین ان افراد کو جنہیں بیلیٹ یا الیکشن کا دوسرا مواد پڑھنے کے لئے مدد درکار ہو یہ حق دیتے ہیں کہ وہ اپنی پسند کے کسی فرد کو اپنی مدد کے لیے ساتھ رکھیں (سوائے اپنے ایمپلائر یا یونین کے نمائندوں کے)۔ علاوہ ازیں، ووٹنگ کے عمل میں امتیازی برتاؤ یا اقلیتی زبان والوں کی رسائی کے بارے میں تشویش کے نتیجہ میں فیڈرل مشاہدین یا ووٹنگ سیکشن کا عملہ الیکشن کے دن کی کاروائی کی نگرانی کر سکتا ہے۔ یہ سیکشن الیکشن کروانے کے ایسے طریقہء کار، مثلاً ایٹ لارج (at-large) یا ڈسٹرکٹ کے منصوبوں، کی بھی نظرِ ثانی کر سکتا ہے جن سے اقلیتوں کے ووٹ کی طاقت اثر انداز ہوتی ہو۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ ووٹ دینے میں آپ کے ساتھ امتیاز برتا گیا ہے یا ووٹ ڈالنے میں آپ کو مدد دینے سے انکار کیا گیا ہے، تو آپ ڈویژن کے ووٹنگ سیکشن سے 3931-253 (800) پر یا voting.section@usdoj.gov کے پتہ پر بذریعہ ای میل رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں مندرجہ ذیل پتہ پر لکھ بھی سکتے ہیں:

U.S. Department of Justice
Civil Rights Division
Voting Section, NWB
950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530

جب آپ اس کتابچہ میں درج کسی بھی دفتر کو فون کریں گے، تو فون کا جواب انگریزی میں دیا جائے گا۔ اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہو تو آپریٹر کو بتائیں کہ آپ کونسی زبان بولتے ہیں۔ آپریٹر آپ کو مترجم ملنے تک ہولڈ کرائے گا۔ برائے مہربانی فون بند نہ کریں۔ زبانوں کے مترجم مہیا کرنے والے ایک ادارے کے ذریعے ہمارے پاس یہ سہولت موجود ہے کہ ہر زبان بولنے والے کی مدد کر سکیں۔

نوٹ: معذوری رکھنے والے افراد کے لئے یہ دستاویز موٹے حروف میں، آڈیو ٹیپ، کمپیوٹر ڈسک، اور بریل (Braille) میں دستیاب ہوگی۔

آپ بخوشی اس کتابچہ کی فوٹو کاپی کر سکتے ہیں۔

جاری کردہ اگست، 2010

# Federal Protections Against National Origin Discrimination

## Urdu

**www.justice.gov/crt**




**United States Department of Justice**
Civil Rights Division

950 Pennsylvania Avenue, NW
Washington, D.C. 20530